شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

یکم جون 2023ء

پریس ریلیز

حکومت فی الفور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کا معاملہ امریکہ کے ساتھ اُٹھائے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): حکومت فی الفور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کا معاملہ امریکہ کے ساتھ اُٹھائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 2003ء میں ڈکٹیٹر جنرل پرویز مشرف کے دورِ حکومت میں نام نہاد "دہشت گردی کے خلاف جنگ" کی آڑ میں مبینہ طور پر پاکستان کی سرزمین سے اُٹھا کر ایف بی آئی کے حوالے کر دیا گیا تھا۔ اُنہیں بدنامِ زمانہ گوانتا ناموجیل میں رکھا گیا جہاں غیر انسانی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ پھر ایک مضحکہ خیز اور من گھڑت الزام لگا کر امریکی عدالت کے ذریعہ عدل و انصاف کا خون کرتے ہوئے اُنہیں 86 سال قید کی سزا سنا دی گئی۔ حقیقت یہ ہے کہ جنرل مشرف سے لے کر موجودہ حکمران اتحاد تک کسی نے بھی پاکستان کی اس بیٹی کی امریکی درندوں سے بازیابی کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اُٹھایا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ کی ناراضگی کے خوف سے سول و ملٹری قیادتوں کی زبانیں اس معاملے میں گنگ ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ جماعتِ اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد خان کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے جن کی کوششوں سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی اپنی بہن کے ساتھ ملاقات ممکن ہوئی۔ اُنہوں نے کہا کہ اس ملاقات کی جو روداد سامنے آئی ہے اُس سے ہر غیرت مند پاکستانی کا خون کھول اُٹھا ہے کہ کس طرح محبوس ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 20 سال سے طرح طرح کی اذیتیں دی جارہی ہیں اور اُن پر آج بھی ذہنی و جسمانی تشدد جاری ہے۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومتِ پاکستان فی الفور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لیے سرگرم انسانی حقوق کے بین الاقوامی وکلاء اور سینیٹر مشتاق احمد خان کو مکمل سرکاری و سفارتی معاونت فراہم کرے۔ ریاستِ پاکستان امریکی حکومت کے سامنے زوردار انداز میں یہ مطالبہ رکھے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو پاکستان منتقل کرنے کا انتظام کیا جائے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 01 June, 2023

"The government must immediately raise the matter of Dr. Aafia Siddiqui's release with the U.S."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The government must immediately raise the matter of Dr. Aafia Siddiqui's release with the U.S. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He reminded that Dr. Aafia Siddiqui was openly handed over to the FBI under the guise of the so-called "war on terror" during the dictatorship of General Pervez Musharraf in 2003. She was detained in the infamous Bagram prison, where she was subjected to inhumane torture. Then, decimating any notion of justice, she was sentenced to 86 years in prison through the American judicial system after declaring her guilty of ridiculously fabricated charges. The fact of the matter is that from General Musharraf to the present ruling coalition, no one has initiated any practical steps to recover this daughter of Pakistan from the brutality of the Americans, while it is apparent that civil and military leadership has lost all courage to speak out against this in fear of U.S. displeasure. He said that may Allah *(SWT)* reward Jama'at-e-Islami's Senator Mushtaq Ahmed Khan because of whose efforts Dr. Aafia Siddiqui was able to meet with her sister. He added that every Pakistani with an ounce of dignity has his blood boiling over the revelations made after this meeting; of the numerous ways Dr. Aafia Siddiqui has been harmed over the past 20 years, and that she is being mentally and physically tortured to this day. He demanded that the government of Pakistan lend complete official and diplomatic support to the international human rights lawyers and Senator Mushtaq Ahmed Khan for the immediate release of Dr. Aafia Siddiqui. The state of Pakistan should lay down a stern demand in front of the U.S. government, asserting that preparations be made for the transportation of Dr. Aafia Siddiqui to Pakistan.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan